بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماہِ رمضان قرآن وسنت کے آئینے میں

1۔ دنیا کی سب سے عظیم کتاب، سب سے عظیم نبی پر اسی ماہ میں نازل ہوئی۔

ارشاد باری تعالی ہے :

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدَى وَالْفُرْقَانِ ۔الخ

" ماہِ رمضان وہ ہے جس میں قرآن اتارا گیا، جو لوگوں کو ہدایت کرنے والا ہے اور جس میں ہدایت کی اور حق و باطل کی تمیز کی نشانیاں ہیں "

(البقرة : 185)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"حضرت ابراہیم علیہ السلام پر **صحیفے** رمضان کی پہلی شب میں نازل ہوئے، رمضان کی چھ راتیں گزریں تو **تورات** نازل ہوئی اور **انجیل** رمضان کی تیرہ راتیں گزرنے کے بعد نازل ہوئی اور **قرآن** رمضان کی چوبیس راتیں گزرنے کے بعد نازل ہوا"

{مسند احمد 3 /ص107بروایت واثلۃ بن الاسقع دیکھئے الصحیحہ ص 1575}

2۔ ایک رمضان دوسرے رمضان تک کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے :

" پنج وقتہ نمازیں، ایک جمعہ دوسرے جمعہ تک اور ایک رمضان دوسرے رمضان تک کے گناہوں کا کفارہ ہے بشرطیکہ کبیرہ گناہوں سے بچا جائے "

{صحیح مسلم : 233الصلاۃ مسند احمد : 2/ص359 بروایت ابوہریرۃ}

ایک اور جگہ ارشاد نبوی ہے :

" جس شخص نے ایمان اور ثواب کی نیت سے رمضان کا روزہ رکھ لیا اسکے تمام ماسبق گناہ معاف کردئے گئے "

{ صحیح بخاری : 1901 الصیام صحیح مسلم : 760 صلاۃ المسافرین بروایت ابوہریرۃ}

3 ۔ اس مبارک مہینے کا چاند نظر آتے ہی جنت کے تمام دروزے کھول دئے جاتے ہیں۔

4 ۔ اور جہنم کے تمام دروزے بند کردئے جاتے ہیں۔

5 ۔ شیطان اور سرکش جنوں کو جکڑ دیا جاتا ہے۔

6 ۔ اس ماہ میں لیلۃ القدر ہے جو ہزار مہینوں سے افضل ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے :

" رمضان کا مہینہ آگیا، یہ بڑا مبارک مہینہ ہے، اس ماہ کا روزہ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں پر فرض کیا ہے، اس ماہ کی آمد پر آسمان {جنت} کے دروزے کھول دئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کردئے جاتے ہیں، سرکش شیطانوں کو جکڑ دیا جاتا ہے اس ماہ میں اللہ کیلئے ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے جو شخص اس رات کے خیر وبرکات سے محروم رہ گیا وہ بڑا ہی محروم ہے " {سنن النسائی 4/ص129 مسند احمد 2ص 385 بروایت ابوہریرۃ}

7۔اس ماہ کی ہر رات کو اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے ایک منادی عمل خیر کی دعوت دیتا اور عمل شر سے باز رہنے کی ندا دیتا ہے۔

8۔ اس ماہ کی ہر رات کو بہت سے گنہ گاروں کے گناہوں کو معاف کرکے انہیں جنت میں داخل کیا جاتا ہے۔

9۔اس ماہ کے ہر رات ودن میں ہر مومن کی کوئی نہ کوئی دعا ضرور قبول کی جاتی ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے :

" جب رمضان کی پہلی شب ہوتی ہے تو شیطان اور سرکش جنوں کو جکڑ دیا جاتا ہے، جہنم کے تمام دروازے بند کر دئے جاتے ہیں، کوئی بھی دروازہ کھلا نہیں چھوڑا جاتا، جنت کے تمام دروزے کھول دئے جاتے ہیں اور کوئی بھی دروازہ بند نہیں رکھا جاتا اور ایک نداد ینے والا نداد یتا ہے: اے خیر کے طالب آگے بڑھ اور اے برائی کرنے والے برائی کے کام سے رک جا اور بہت سے لوگ جہنم سے آزاد کئے جاتے ہیں، اور ایسا ہر شب کو ہوتا ہے "

{سنن الترمذی :682الصوم - سنن ابن ماجہ : 1642الصیام } بروایت ابوہریرۃ }

ایک اور حدیث میں ہے:

" اللہ تبارک وتعالیٰ رمضان المبارک کے ہر رات ودن میں بہت سے لوگوں کو جہنم سے آزاد کرتا ہے اور اور ہر مسلمان کی رات ودن میں کوئی نہ کوئی دعا ضرور قبول ہوتی ہے " {مسند البزار – صحیح الترغیب 1/ص586} بروایت ابو سعید الخدری ۔

10۔اس مبارک مہینے سے غفلت برتنا بہت بڑی بد بختی ہے۔

حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف لے گے، پہلے زینے پر قدم رکھا تو کہا: آمین، پھر دوسرے زینے پر قدم رکھا تو کہا: آمین، پھر تیسرے زینے پر قدم رکھا تو کہا: آمین، پھر فرمایا: " میرے پاس حضرت جبرئیل تشریف لائے اور کہا: اے محمد جو رمضان المبارک کا مہینہ پالے اور اسکی مغفرت نہ ہو تو اس شخص کو اللہ تعالی اپنی رحمت سے دور کرے ،ہم نے کہا: آمین،" الحدیث{ صحیح ابن حبان :410}

از قلم:

فضیلۃ الشیخ/**ابو کلیم مقصود الحسن فیضی** حفظہ اللہ

الغاط، سعودی عرب